10 تا 16 جون 2022 | شمارہ نمبر 24 | جلد نمبر 34

1989ء سے مسلسل اشاعت

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Genuine Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل



کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال



BMG
بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا
چیئر مین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss-Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725


ہفت روزہ
پیپر بزنس
کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا
کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 26 رنگین اور 14 عمومی صفحات پر مشتمل ہے
رابطہ آفس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com
بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی
قیمت: 70 روپے
چارجز
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 01025820311714112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960


**PAKISTANI FLAGE ALWAYS ON TOP**

# پاکستان، پیپر و پیپر بورڈ پر محصولات میں نمبر1

| | COUNTRY | DUTY % |
|---|---|---|
| 1 | PAKISTAN | 26% |
| 2 | BRAZIL | 15% |
| 3 | MALAYSIA | 12.50% |
| 4 | INDIA | 10% |
| 5 | RUSSIA | 5% |
| 6 | SAUDIA | 5% |
| 7 | AUSTRALIA | 5% |
| 8 | THAILAND | 4% |
| 9 | PHILIPPINES | 1% |
| 10 | E.U | 0% |
| 11 | KOREA | 0% |
| 12 | UK | 0% |
| 13 | JAPAN | 0% |
| 14 | TURKEY | 0% |

کراچی (پیپر بزنس خصوصی رپورٹ) 2020-21 کے ایک سروے کے مطابق پاکستان میں پیپر و پیپر بورڈ پر مجموعی محصولات (ڈیوٹی+ٹیکسز+اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی) میں پہلے نمبر پر رہا۔ دنیا کے بیشتر ممالک میں پیپر و پیپر بورڈ پر ڈیوٹی کی شرح صفر ہے جس میں برطانیہ، ترکی، کوریا، تھائی لینڈ، جاپان اور یورپی یونین شامل ہیں جبکہ ڈیوٹی کی شرحوں میں بنگلہ دیش 17.5 فیصد کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہے لیکن پاکستان میں ان کوٹڈ پیپر ایچ ایس کوڈ 4802 پر ڈیوٹی کی شرح 30 فیصد ہے جس میں 16 فیصد کسٹم ڈیوٹی 10 فیصد آر ڈی، 4 فیصد اضافی ڈیوٹی شامل ہے جبکہ بعض ممالک پر عائد کی گئی اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی اس کے علاوہ ہے اگر اسے شامل کرلیا جائے تو مجموعی ڈیوٹی کی شرح 40 فیصد سے بھی تجاوز کر جائے گی۔ اسی طرح بورڈ پر ڈیوٹی کی مد میں پاکستانیوں سے دنیا میں سب سے زیادہ 26 فیصد کی ڈیوٹی وصول کی جا رہی ہے جس میں 20 فیصد کسٹم ڈیوٹی، 6 فیصد اضافی ڈیوٹی شامل ہے۔ اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی اس کے علاوہ ہے۔ مزید برآں پاکستان میں قابل توجہ اور اہم بات یہ ہے کہ پیپر و پیپر بورڈ پر سیلز ٹیکس 17 فیصد اور انکم ٹیکس بھی عائد ہے جس کا مجموعہ 21 فیصد بنتا ہے۔ یعنی پاکستان میں پیپر و پیپر بورڈ پر 50 سے 56 فیصد تک ڈیوٹی و ٹیکسز عائد ہیں۔ ذیل میں چارٹ کی مدد سے اس کی وضاحت کی گئی ہے۔





| | COUNTRY | DUTY % |
|---|---|---|
| 1 | PAKISTAN | 30 |
| 2 | BANGLADESH | 17.5 |
| 3 | BRAZIL | 13 |
| 4 | EGYPT | 10 |
| 5 | INDIA | 10 |
| 6 | POLAND | 9 |
| 7 | PHILIPPINES | 8.7 |
| 8 | RUSSIA | 7.5 |
| 9 | SRI LANKA | 7.5 |
| 10 | MALAYSIA | 7.1 |
| 11 | SAUDIA | 5 |
| 12 | INDONESIA | 5 |
| 13 | CHINA | 5 |
| 14 | AUSTRALIA | 4.1 |
| 15 | UNITED KINGDOM | 0 |
| 16 | TURKEY | 0 |
| 17 | THAILAND | 0 |
| 18 | KOREA | 0 |
| 19 | JAPAN | 0 |
| 20 | EUROPEAN | 0 |



یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا برانڈ پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# درآمدات میں کمی کے لیے آرڈی کے نفاذ کے ساتھ بجٹ میں مزید اقدامات ہوں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت، درآمدات کمی کے مختلف طریقہ کار پر غور کر رہی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ چیئرمین ایف بی آر پابندی اور ریگولیٹری ڈیوٹی والی اشیاء کی فہرست تیاری میں مصروف ہیں۔ تفصیلات کے مطابق، حکومت آئندہ بجٹ 23-2022 میں درآمدات کی کمی کے مختلف طریقہ کار پر غور کر رہی ہے اور یہ تجاویز زیر غور ہیں کہ مزید اشیاء پر پابندی عائد کی جائے اور ریگولیٹری ڈیوٹی (آرڈی) کی فہرست میں مزید اشیاء شامل کی جائیں۔ اب چیئرمین ایف بی آر، ارکان کے ہمراہ فہرست تیار کر رہے ہیں جس میں پابندیوں والی اور درآمدی مزید اشیاء شامل کی جاسکیں، جہاں آئندہ بجٹ میں آرڈیز زیر غور آئیں تا کہ بڑھتی درآمدات میں کمی لائی جاسکے۔ مزید اشیاء پر پابندی دو ماہ کے لیے لگائی جائے گی تا کہ ڈبلیوٹی او کی شرائط پوری کی جاسکیں۔ وزیر اعظم نے وزارت کامرس، ایف بی آر اور دیگر بجٹ سازوں کو ہدایات دی ہیں کہ وہ پابندی لگائی جانے والی اشیاء کی شناخت کریں تا کہ ان پر آرڈیز عائد کر کے درآمدی بلز کم کیے جاسکیں۔ باخبر ذرائع کے مطابق اب تک اشیاء کی تعداد سے متعلق فیصلہ نہیں ہوا ہے کہ کتنی اشیاء پر پابندی ہوگی اور کتنی اشیاء پر آئندہ بجٹ میں آرڈیز عائد کی جائے گی۔ حال ہی میں حکومت نے 38 اشیاء پر پابندی عائد کی ہے تاہم، بعد ازاں وضاحت جاری کر کے پابندی والی فہرست واپس لے لی گئی۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ اس کام پر سخت محنت کرنا ہوگی کیوں کہ اس سے معیشت کے لیے مسائل پیدا ہوسکتے ہیں۔ حکومت آئندہ بجٹ میں سیکڑوں اشیاء پر ریگولیٹری ڈیوٹی (آرڈی) عائد کرنا چاہتی ہے تا کہ بڑھتے درآمدی بل میں کمی لائی جاسکے کیوں کہ بڑھتے تجارتی خسارے سے موجودہ حکومت مجبور ہوئی ہے کہ مخصوص لگژری اشیاء پر کچھ مدت کے لیے پابندی عائد کی جائے، جب کہ اس حوالے سے مختلف تجاویز زیر غور ہیں۔ وزارت خزانہ اور پلاننگ کمیشن آئندہ بجٹ 2022-23 میں تجارتی خسارہ کم کرنے کی کوشش کر رہی ہے، جس کے لیے اشیاء کی برآمدات کا ہدف 32 ارب ڈالرز اور درآمدات کو 65 ارب ڈالرز تک رکھنے کا تخمینہ لگایا ہے۔ جب کہ رواں مالی سال میں درآمدات کا تخمینہ 71 ارب ڈالرز رکھا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ہم آئندہ بجٹ 2022-23 میں درآمدات کو 6 ارب ڈالرز تک محدود کرنا چاہتے ہیں اور اسے 71 ارب ڈالرز سے کم کر کے 65 ارب ڈالرز تک لانا چاہتے ہیں۔ بجٹ بنانے والے اس بات پر غور کر رہے ہیں کہ کورونا وائرس ویکسین کی درآمدات سے آئندہ مالی سال میں 3 ارب ڈالرز بچائے جاسکتے ہیں، جب کہ اس سے شپنگ صنعت کے کرایوں میں بھی کمی آئے گی۔ اس طرح مجموعی طور پر 2 ارب ڈالرز کی مزید بچت ہوگی۔ ذرائع کا مزید کہنا تھا کہ حکومت مختلف ٹیرف اور نان ٹیرف کے ذریعے 1 ارب ڈالرز تک کی درآمدات میں کمی لانے پر غور کر رہی ہے۔ دوسری جانب عالمی بینک کا توانائی اور اشیاء کی قیمتوں سے متعلق تخمینہ ہے کہ عالمی مارکیٹ میں درآمدات پر انحصار کرنے والے ممالک ایک اور خدشہ ہیں کیوں کہ اوسط تیل اور اشیاء خورونوش کی قیمتوں میں اضافے کا رجحان آئندہ مالی سال کے ابتدائی چھ ماہ میں برقرار رہے گا۔ حکومت نے حال ہی میں درآمدی بلز میں کمی لانے کے لیے مختلف اقدامات کے حوالے سے مطالعہ کروایا ہے اور اسے اس بات کا علم ہوا ہے کہ درآمدات میں کمی بیشی سے ٹیکس اقدامات پر عمل درآمد میں کوئی بڑی کمی واقع نہیں ہوگی۔ لہٰذا حکومت نے لگژری اور غیر ضروری اشیاء پر پابندی عائد کی۔



سابق سینئر وائس چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن باؤ محمد بشیر اور سابق صدر ناردن زون ذیشان سہیل ملک کا نئے گورنر پنجاب بلیغ الرحمن سے ملاقات کے موقع پر لیا گیا گروپ فوٹو

## کاغذ کی قیمتوں میں اضافے کیخلاف احتجاجی مظاہرہ

لاہور (پیپر بزنس نیوز) فواز نیاز، صدر ٹیکسٹ بک پبلشرز ایسوسی ایشن، جاوید اقبال، صدر تاجر دوست گروپ، جمال دین افغانی، ناشران و تاجران اسلامی کتب، کاشف عبدالرحیم، صدر قرآن ناشران کتب، زاہد رشید صدر، اسٹیشنری مارٹ ایسوسی ایشن، شفیق سلیمی، صدر کاپی مینوفیکچر ایسوسی ایشن نے تمام پرنٹرز، پبلشرز، بک سیلرز، اسٹیشنرز کاپی مینوفیکچررز اور اس سے متعلق دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے تاجروں سے اپیل کی ہے کہ وہ جمعرات 9 جون کو 4 بجے بالمقابل بابر بک ڈپو 11 - اردو بازار پر کاغذ کی بے تحاشہ مہنگائی کے خلاف ہونے والے مظاہرے میں بھرپور شرکت کریں۔ جس میں اردو بازار کے تمام تاجر بلاتفریق اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے پیپر ملز مافیا کے خلاف بھرپور احتجاج کریں گے۔

## ٹریڈ لائسنس بنوانے کے لیے 20 جون تک کی مہلت

کراچی (پیپر بزنس نیوز) خرم شہزاد سواتی نامزد عملہ رکن ٹریڈ لائسنس ڈپارٹمنٹ کراچی میونسپل کارپوریشن صدر ٹاؤن نے پیپر بزنس کو ایک بیان میں کہا ہے کہ پیپر مارکیٹ کے دکانداروں کو آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی جانب سے اور میری جانب سے متعدد بار یاددہانی کرائی جاچکی ہے کہ وہ اپنا ٹریڈ لائسنس جلد از جلد بنوالیں لیکن پیپر مارکیٹ کے دکانداروں نے اس پر کوئی خاص توجہ نہیں دی ہے۔ خرم شہزاد نے پیپر بزنس کی معرفت تمام اراکین پیپر مرچنٹس سے کہا ہے کہ وہ 20 جون یا اس سے قبل اپنے چالان حاصل کرنے کے لیے دفتر ایسوسی ایشن یا مجھ سے براہ راست موبائل نمبر 0315-9016026 پر رابطہ کریں۔ انہوں نے متنبہ کیا کہ اس تاریخ کے بعد لائسنس نہ بنوانے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا جائے گا اور اس کے ذمہ دار وہ خود ہوں گے۔


لاہور کی پیپر مسل کو

مشین مین چائنہ کٹر H.S.C / C H M

اور ریم پیکنگ والے لڑکوں کی ضرورت ہے

برائے رابطہ:

WHATSAPP:0305-4778992,0300-4031013----EMAIL:msgtllc@gmail.com





یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا برانڈ پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# BIKIYA PAPER MART

we Serve unique
& best quality paper
to build
on brand loyality

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINAR ROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

## CONTACT

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

## CONTACT

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




SELF ADHESIVE STICKER PAPER
INDONESIA

Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building,Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725







Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road, Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# PAPERLINE

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

## HI - GRADE
## PREMIUM PAPER
# A4
**21x29.7 cm**
**500 SHEETS**
# 80
## GSM




BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM™
ISO 9001.2015 CERTIFIED

## FOR BOOKING CONTACT
### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT
First ISO 9001.2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

# ڈالر کی غیر متوازی پرواز، تین دن مسلسل اضافے کے بعد ایک دن میں 2.60 روپے کی کمی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) مسلسل تین دن تک قیمت میں اضافے کے بعد بدھ 8 جون 2022 کی صبح امریکی ڈالر کی قدر انٹربینک مارکیٹ میں 2 روپے سے زیادہ کم ہوگئی۔ فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کے مطابق ڈالر منگل 7 جون کو 202 روپے پر بند ہوا تاہم اس کے مقابلے میں بدھ کی صبح 9:50 کے قریب 2.60 روپے کمی کے بعد 199.40 روپے پر ٹریڈ کر رہا تھا۔ یاد رہے کہ پچھلے سیشن سے فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کی بند ہونے پر ریٹ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی طرف سے جاری کردہ 202.83 روپے کی سرکاری شرح سے کم تھا۔ ڈالر کی اچانک گراوٹ تین دن تک مسلسل اضافے کے رجحان کے خاتمے کی نشاندہی کرتی ہے جہاں مسلسل اضافے کی بڑی وجہ تیل کی زیر التوا ادائیگیوں اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کی 6 ارب ڈالر کی سہولت کے دوبارہ شروع ہونے کے حوالے سے غیر یقینی صورتحال ہے۔ ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے جنرل سیکریٹری ظفر پراچہ نے کہا کہ غیر ملکی کرنسی پر پابندی کی رپورٹس کو حکومت اور اسٹیٹ بینک کی جانب سے مسترد کیے جانے کی وجہ سے روپے کی بحالی میں مدد ملی۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ وزیر اعظم شہباز شریف نے اسٹیٹ بینک کو ہدایت کی تھی کہ وہ سٹے بازی میں ملوث بینکوں کے خلاف کارروائی کرے جس کی وجہ سے ڈالر کی قیمت میں نمایاں کمی ہوئی اور شرح مبادلہ میں استحکام آیا۔

# مختلف اقسام کے پیپر، کارڈ اور بورڈ کی ویلیوایشن کے تعین کیلئے اجلاس

کراچی (پیپر بزنس نیوز) اسسٹنٹ ڈائریکٹر کسٹم ویلیوایشن ڈپارٹمنٹ محمد وردان علی نے نان کاربن ریلیزنگ پیپر، آرٹ کارڈ/ کوٹڈ بورڈ/ پیپر اور لائٹ ویٹ کوٹڈ پیپرز کی ویلیوایشن کے تعین کے لئے ایک اجلاس 9 جون 2022 بروز جمعرات کو طلب کیا ہے جس میں تمام شرکا فریقین سے گزشتہ تین ماہ کا ڈیٹا فراہم کرنے کا کہا گیا ہے۔ اجلاس میں مندرجہ ذیل فریقین کو مدعو کیا گیا ہے، جس میں ایف پی سی سی آئی کی ویلیوایشن کمیٹی کے چیئرمین، کراچی چیمبر کی ویلیوایشن کمیٹی کے چیئرمین، چیئرمین آل پاکستان کسٹم ایجنٹس ایسوسی ایشن، صدر لاہور چیمبر، صدر اسلام آباد چیمبر اور آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے علاوہ سلمان پیپر پروڈکٹس پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، دی ٹائمز پریس (پرائیوٹ) لمیٹڈ کراچی، پری ٹریڈرز کراچی، چاند ٹریڈرز لاہور، ایم ایچ انٹر پرائزز کراچی، الرومن گرافکس اینڈ پیکیجنگ کارپوریشن، نیاز پیپر مارٹ لاہور، پاپولر فوڈ انڈسٹری کراچی، جی ایس انٹرنیشنل کراچی، ملٹی ٹریڈ کنورٹرز کراچی، ریکس ٹریڈنگ کراچی، اے بی سعید پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، ہمدم پیپر پروڈکٹس پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی، نیشنل پیپر مارٹ کراچی، سمیع برادرز، ٹریڈ انٹرنیشنل لاہور، افتخار احمد لاہور، جنید ٹریڈرز لاہور، یونس اینڈ سنز پرائیوٹ لمیٹڈ، ڈیلکس پیکیجز پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی، رواہا انٹرنیشنل پرائیوٹ لمیٹڈ لاہور، وقاص دانش برادرز کراچی اور انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ کراچی شامل ہے۔

## اپیما نے ویلیوایشن اجلاس موخر کرنے کی درخواست جمع کرادی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین محمد انیس نے کسٹم ویلیوایشن کے تعین کے لئے طلب کردہ اجلاس کو موخر کرنے کی درخواست 7 جون 2022 کو جمع کرادی ہے۔ ایسوسی ایشن نے موقف اختیار کیا ہے کہ اس وقت ممبران وعہدیداران قبل از بجٹ تجاویز کی تیاری اور اس سلسلے میں متعلقہ سرکاری محکموں کے اجلاسوں میں شرکت کر رہے ہیں اور بعض امپورٹرز فریضہ حج کی ادائیگی کے لئے سعودی عرب روانہ ہو رہے ہیں۔ لہذا اس اجلاس کے لئے اگست 2022 کوئی تاریخ مقرر کر دی جائے۔

# فارن کرنسی، روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس اور بینک لاکرز منجمد نہیں کریں گے، اسٹیٹ بینک اور وزیر خزانہ کا مشترکہ بیان

کراچی (پیپر بزنس نیوز) وزیر خزانہ مفتاح اسمٰعیل نے کہا ہے کہ معاشی ایمرجنسی نافذ کرنے کا قطعی کوئی ارادہ نہیں، پیٹرول کی قیمت میں دو بار اضافہ کرکے اقتصادی بحران سے باہر نکل آئے ہیں۔ مفتاح اسمٰعیل نے ٹوئٹر پر بیان میں کہا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف حکومتی اخراجات کم کرنے کے لیے کسی وقت سادگی کے اقدامات کا اعلان کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ غیر ملکی کرنسی اکاؤنٹ، روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس یا عوام کے نجی لاکرز کو منجمد کرنے کا کوئی ارادہ نہیں، سوشل میڈیا پر آنے والی خبریں غلط اور جانب دارانہ حلقوں کی جانب سے پھیلائی جا رہی ہیں۔ بعد ازاں اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) اور وزارتِ خزانہ کی جانب سے جاری مشترکہ بیان میں کہا گیا کہ سوشل میڈیا پر غیر ملکی کرنسی اکاؤنٹس (ایف سی اے)، روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس (آر ڈی اے) اور سیفٹی ڈپازٹ لاکرز کے بارے میں پھیلائے جانے والے دعووں میں کوئی حقیقت نہیں ہے۔ مزید بتایا گیا کہ حکومت پاکستان اور ایس بی پی پاکستانی بینکوں میں تمام غیر ملکی کرنسی اکاؤنٹس، روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس اور سیفٹی ڈپازٹ لاکرز کے حوالے سے یقین دہانی کرواتا ہے کہ یہ اکاؤنٹس اور لاکرز مکمل طور پر محفوظ ہیں اور ان پر کسی بھی قسم کی کوئی پابندی لگانے کی کوئی تجویز زیر غور نہیں ہے۔ میڈیا کو جاری مشترکہ بیان میں کہا گیا کہ سوشل میڈیا پر افواہیں گردش کر رہی ہیں کہ حکومت یا مرکزی بینک غیر ملکی کرنسی اکاؤنٹس، روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس اور سیفٹی ڈپازٹ لاکرز پر پابندی لگانے یا منجمد کرنے کا سوچ رہے ہیں، یہ تمام افواہیں غلط اور بے بنیاد ہیں۔ مزید بتایا گیا کہ یہ واضح کیا جاتا ہے کہ اس قسم کی تجاویز گزشتہ دور میں اور نہ ہی حال میں زیر غور رہی ہے۔ مشترکہ بیان میں کہا گیا کہ غیر ملکی اکاؤنٹس جس میں روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس بھی شامل ہے اسے غیر ملکی کرنسی اکاؤنٹس (پروٹیکشن) آرڈیننس 2001 کے تحت قانونی تحفظ حاصل ہے۔ مزید کہا گیا کہ حکومت اور مرکزی بینک، پاکستان میں متذکرہ بالا سمیت تمام مالیاتی اثاثوں کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔ خیال رہے کہ موجودہ حکومت کے اقتدار سنبھالنے کے ساتھ ہی ماہرین نے حکومت کو سخت اقدامات اٹھانے کی تجویز دی تھی تاکہ ملک میں جاری بڑھتی مہنگائی، ڈالر کی قدر میں مسلسل اضافے، زرمبادلہ کے ذخائر میں کمی پر قابو پایا جاسکے۔ اسی طرح مختلف حلقوں نے آئی ایم ایف پروگرام کو بحال کرنے کے ساتھ پُرتعیش مصنوعات کی درآمدات پر پابندی لگانے کا بھی مطالبہ کیا تھا، جبکہ متعدد حلقوں کی جانب سے حکومت پر سخت اقدامات کے لیے زور دیا جا رہا تھا کہ ملک دیوالیہ ہوسکتا ہے اور ملک کی صورتحال سری لنکا جیسی ہوسکتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کے قائم مقام گورنر ڈاکٹر مرتضیٰ سید نے اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے ایک پوڈ کاسٹ میں کہا تھا کہ ہم سری لنکا نہیں ہیں اور نہ ہی ہمارے حالات اس جیسے ہیں، درحقیقت گزشتہ 2 برسوں میں 6 فیصد جی ڈی پی کی شرح نمو پوری دنیا کے لیے حیرت انگیز دھچکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ معیشت کو چیلنجز کا سامنا ہے اور کورونا کے بعد اشیا کی بلند قیمتوں کی وجہ سے بہت سے ممالک کی معیشتیں مشکلات کا شکار ہیں، سری لنکا ان میں سے ایک ہے لیکن انہوں نے مناسب انتظام نہیں کیا اور کچھ غلط یا دیر سے فیصلے لیے جس سے ملک کے لیے مسائل پیدا ہوئے۔

## وفاقی بجٹ 10 جون کو پیش کیا جائے گا

کراچی (بزنس ڈیسک) آئندہ مالی سال کا بجٹ 10 جون 2022 کو پیش کیا جائے گا۔ اس ضمن میں انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس اور امپورٹ ڈیوٹی محصولات مزید بڑھائی جائیں گی جبکہ سندھ کا بجٹ 14 جون کو پیش کیا جائے گا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# 2021 کی آخری سہ ماہی میں تیزی، 2022 کی پہلی سہ ماہی میں اسٹیکر کی قیمتوں میں مندی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) 2021 کی دوسری سہ ماہی میں اسٹیکر کی قیمتوں میں 100 روپے تا 250 روپے فی پیکٹ کمی ہوئی تھی۔ لیکن تیسری سہ ماہی میں دوبارہ اسٹیکر میں تیزی دیکھی گئی اور اس مدّت میں ایکنا انڈونیشیا میں 300 روپے فی پیکٹ، گولڈ ٹیک چائنا میں 350 روپے فی پیکٹ اور نیکسز پرو چائنا میں 325 روپے فی پیکٹ کا اضافہ ہوا۔ او جے آئی تھائی لینڈ میں 300 روپے فی پیکٹ کا اضافہ دیکھنے میں آیا۔ دیگر برانڈ کے اسٹیکر میں وائی ایم سی 250 روپے، لنٹیک 100 روپے، جی ایس ایف 275 روپے، ایڈسٹر 100 روپے، لیبل ٹیک 225 روپے، ویریٹیک 100 روپے اور یونگی میں 75 روپے فی پیکٹ کا اضافہ ہوا تھا۔ اب چوتھی سہ ماہی اکتوبر۔ دسمبر 2022 میں بھی اس کی قیمتوں میں تیزی رہی۔ ویری ٹیک 300 روپے اضافے کے بعد 3700 روپے تک پہنچ گیا جبکہ ایکنا کی قیمت 350 روپے فی پیکٹ اضافے کے بعد 2900 روپے تک پہنچ گئی۔ دیگر اسٹیکر میں گولڈ ٹیک میں 200 روپے، ایڈیسٹر میں 350 روپے، جی ایس ایف میں 200 روپے، پاور ٹیک میں 155 روپے، نیکسس پرو میں 225 روپے اور لیبل ٹیک میں 190 روپے فی پیکٹ کا اضافہ ہوا تھا۔ لیکن 2022 کا آغاز اسٹیکر کے لیے قیمتوں میں تیزی کے حوالے سے اچھا نہ تھا اور پہلی سہ ماہی میں اسٹیکر کی قیمتیں دباؤ کا شکار رہیں اور اس کی قیمتوں میں کمی دیکھی گئی۔ یونگی کی قیمت 2750 سے کم ہو کر 2700 روپے ریکارڈ کی گئی۔ جبکہ گولڈن ٹیک اور نیکسس پرو میں بھی 50 روپے فی پیکٹ کی کمی ہوئی، البتہ پاور ٹیک چائنا زیادہ دباؤ کا شکار رہا اور اس کی قیمت میں 25 روپے فی پیکٹ کی کمی ہوئی۔ اسٹیکر کے مختلف اقسام کی جنوری۔ مارچ 2022 کے دوران شائع ہونے والی قیمتوں کا تقابلی جائزہ نیچے پیش کیا جا رہا ہے۔

Prices Trend in JAN - MAR 2022 (Per Packet Rates)


Imported **STICKER PAPER Indonesia, China** and **Europe**

| Yongyi China | JANUARY-2022 | | | | | FEBRUARY-2022 | | | | MARCH-2022 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | 31-Dec | 7 | 14 | 21 | 28 | 4 | 11 | 18 | 25 | 4 | 11 | 18 | 25 | |
| 20 x 30 | 2750 | 2750 | 2750 | 2750 | 2750 | 2750 | 2700 | 2700 | 2700 | 2700 | 2700 | 2700 | 2700 | ( - 50 ) |

| Golden Tac G S F | JANUARY-2022 | | | | | FEBRUARY-2022 | | | | MARCH-2022 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | 31-Dec | 7 | 14 | 21 | 28 | 4 | 11 | 18 | 25 | 4 | 11 | 18 | 25 | |
| 20 x 30 | 2750 | 2750 | 2750 | 2750 | 2725 | 2725 | 2725 | 2725 | 2725 | 2725 | 2700 | 2700 | 2700 | ( - 50 ) |

| Power Tec China | JANUARY-2022 | | | | | FEBRUARY-2022 | | | | MARCH-2022 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | 31-Dec | 7 | 14 | 21 | 28 | 4 | 11 | 18 | 25 | 4 | 11 | 18 | 25 | |
| 20 x 30 | 2725 | 2675 | 2700 | 2700 | 2650 | 2650 | 2650 | 2650 | 2650 | 2650 | 2650 | 2650 | 2650 | ( - 75 ) |

| Nexes Pro China | JANUARY-2022 | | | | | FEBRUARY-2022 | | | | MARCH-2022 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | 31-Dec | 7 | 14 | 21 | 28 | 4 | 11 | 18 | 25 | 4 | 11 | 18 | 25 | |
| 20 x 30 | 2750 | 2725 | 2725 | 2725 | 2725 | 2700 | 2700 | 2700 | 2700 | 2700 | 2700 | 2700 | 2700 | ( - 50 ) |



آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے ڈی جی ٹی او اور الیکشن سے متعلق مقدمات کے وکیل شہزاد شوکت نے گزشتہ دنوں ایڈووکیٹ جنرل پنجاب کی ذمہ داریاں سنبھال لیں۔ پیپر مارکیٹ لاہور کے رہنما خامس سعید بٹ نے گزشتہ دنوں ان سے ملاقات کی اور عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی اور مقدمات کی جلد سے جلد تاریخ مقرر کرانے کی درخواست کی۔

# کلکٹر اپریزمنٹ لاہور پر ٹرانس شپمنٹ قوانین کی خلاف ورزی ہو رہی ہے، شرجیل جمال

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) یوٹریڈ لاجسٹکس کے شرجیل جمال نے ایم سی سی اپریزمنٹ لاہور میں ٹرانس شپمنٹ رولز کی خلاف ورزی کی نشاندہی کی ہے جس سے قومی خزانے کو نقصان ہو رہا ہے۔ چیف کلکٹر سینٹرل کو لکھے گئے خط میں شرجیل جمال نے کہا کہ ایم سی سی اپریزمنٹ لاہور میں قواعد وضوابط کی سنگین خلاف ورزیاں جاری ہیں جس سے قومی خزانے کو ریونیو کا نقصان ہو رہا ہے اور جائز تاجروں کو غیر منصفانہ نقصان ہو رہا ہے۔ ٹرانس شپمنٹ پرمٹ مبہم وضاحتوں/سنگل ایچ ایس کوڈ پر دائر اور کارروائی کی جاتی ہے، جو ٹی پی رولز کی خلاف ورزی ہے۔ مزید یہ کہ پیمائش کی اکائی کی خلاف ورزی بھی بڑے پیمانے پر ہو رہی ہے اور درآمد کنندگان درآمدی سامان کے وزن اور مقدار کا غلط اعلان کر رہے ہیں جس کی وجہ سے درست تشخیص پر عمل نہیں کیا جاتا جس کے نتیجے میں حکومت کو ریونیو کا نقصان ہوتا ہے۔ جمال نے درخواست کی کہ ایم سی سی اپریزمنٹ لاہور اور کلکٹر کے معاملات کا ایک آزاد آڈٹ کرایا جائے تاکہ تمام تاجروں کے لیے برابری کا میدان اور حکومتی محصولات کو محفوظ بنایا جا سکے۔


**CARBONLESS**
WHITE & COLOUR
*24 X 34 23 X 36*

**CB + CFB + CF CARD**

**Colour Cards**

**COPY PAPER A4**

**CHAND TRADERS**

**Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,**
**Tayyabji Road, Karachi. 74200.**
**Tel: 32627311 - 32627411**

**Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,**
**Ganpat Road, Lahore. 54000**
**Tel:37232889 - 37248501**
**Fax: 37227826**
**E-mail: chandtraders92@gmail.com**





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# نیوز پرنٹ، بلیچ بورڈ، آرٹ کارڈ و پیپر، کاربن لیس، آفسیٹ و فوٹو کاپی، مقامی بورڈ اور اسٹیکر کی قیمتوں میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے بھی ڈالر کی اونچی اڑان کے باعث مزید تیزی دیکھنے میں آئی اور 8 جون 2022 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں پنڈو آرٹ کارڈ، آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار، آرٹ کارڈ جاپان، بریف کارڈ، کلر بریف کارڈ، نیویا آرٹ پیپر، آرٹ پیپر جاپان او جے آئی، ایل ڈبلیو سی جاپان، کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو، امپریشن اسٹار، امپریشن ڈاٹ، مقامی ڈپلیکس بورڈ وائٹ گولڈ، اسپارک، ٹاپ رائیڈر، میگا ٹاپ، کلاسک، درآمدی بلیچ بورڈ چینمنگ، ریئل اور پنڈو ڈیلی، مقامی بلیچ بورڈ ایلیگینٹ سنچری، درآمدی آفسیٹ آئی کے اور ریل کٹ، مقامی آفسیٹ پیپر، فائیو اسٹار، ڈبل اے اور چناب، رشین نیوز پرنٹ ریلز، اسٹیکر پیپر ویریٹیک، یونگی چائنا، ایکنا انڈونیشیا، گولڈن ٹیک جی ایس ایف، پاور ٹیک چائنا، نیکسز پرو چائنا، لیبل ٹیک چائنا اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو رد و بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ گولڈن کوئن پنڈو ڈیلی تمام سائز تمام گرام، 390 روپے سے بڑھ کر 400 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار چائنا تمام سائز 250۔ 270۔ 300 گرام، 350 روپے سے بڑھ کر 380 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ کارڈ جاپان تمام سائز تمام گرام، 360 روپے سے بڑھ کر 380 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بریف کارڈ انڈونیشیا تمام سائز 120 گرام 360 روپے سے بڑھ کر 400 روپے، تمام سائز 150 اور 180 گرام 355 روپے سے بڑھ کر 400 روپے، تمام سائز 230 گرام 365 روپے سے بڑھ کر 400 روپے، تمام سائز 265 گرام، 375 روپے سے بڑھ کر 400 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ کلر بریف کارڈ جنگکار برانڈ پنڈو ڈیلی 21x27 سائز 120 گرام، 22x28 سائز 150 گرام، 22x28 سائز 180 گرام، 350 روپے سے بڑھ کر 395 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 340 روپے سے بڑھ کر 345 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 340 روپے سے بڑھ کر 345 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ پیپر جاپان OJI تمام سائز تمام گرام، 340 روپے سے بڑھ کر 350 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ ایل ڈبلیو سی جاپان تمام سائز 60 گرام، 300 روپے سے بڑھ کر 350 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو 2000 انڈونیشیا، 17x24 سائز 2900 روپے سے بڑھ کر 3000 روپے، 18x23 سائز 2900 روپے سے بڑھ کر 3000 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار چائنا 24x34 سائز، 5000 روپے سے بڑھ کر 5100 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ امپریشن ڈاٹ چائنا 24x34 سائز، 5000 روپے سے بڑھ کر 5100 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ وائٹ گولڈ تمام سائز 300۔ 230 گرام، 155 روپے سے بڑھ کر 160 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ اسپارک تمام سائز تمام گرام، 135 روپے سے بڑھ کر 140 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ ٹاپ رائیڈر تمام سائز 250 تا 350 گرام، 171 روپے سے بڑھ کر 173 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ میگا ٹاپ تمام سائز تمام گرام، 128 روپے سے بڑھ کر 133 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ کلاسک تمام سائز 250 تا 300 گرام، 164 روپے سے بڑھ کر 178 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ انرجی سنرجی مل تمام سائز 250 گرام، 219 روپے سے کم ہو کر 213 روپے، تمام سائز 290 گرام، 215 روپے سے کم ہو کر 208 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ریئل 360 روپے سے بڑھ کر 363 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ چینمنگ تمام سائز تمام گرام 358 روپے سے بڑھ کر 360 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی تمام سائز تمام گرام، 355 روپے سے بڑھ کر 358 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی بلیچ بورڈ ایلیگینٹ سنچری کی 215 اور زائد گرام کی ریلز اور شیٹس 373 روپے سے بڑھ کر 374 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 380 روپے سے بڑھ کر 390 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آئی کے 035 مشین / ریل کٹ 70، 75 اور 80 گرام، 370 روپے سے بڑھ کر 380 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آفسیٹ پیپر جاپان کنماری، 23x36 سائز، 70 گرام، 340 روپے سے بڑھ کر 350 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ لیول اپ، تمام سائز 52 گرام، 190 روپے سے بڑھ کر 200 روپے، تمام سائز 53 گرام، 195 روپے سے بڑھ کر 210 روپے، تمام سائز 60 گرام، 195 روپے سے بڑھ کر 210 روپے، تمام سائز 63 گرام، 195 روپے سے بڑھ کر 210 روپے، تمام سائز 68 گرام، 195 روپے سے بڑھ کر 210 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر ڈبل اے برانڈ تمام سائز 63 گرام، 215 روپے سے بڑھ کر 220 روپے، تمام سائز 68 گرام، 215 روپے سے بڑھ کر 220 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ ہائی فنش تمام سائز 70 گرام، 240 روپے سے بڑھ کر 260 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر چناب تمام سائز 53 گرام، 190 روپے سے بڑھ کر 208 روپے، تمام سائز 60 گرام، 200 روپے سے بڑھ کر 218 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر ٹاپ رائٹر تمام سائز 60 گرام، 180 روپے سے کم ہو کر 173 روپے، تمام سائز 68 گرام، 188 روپے سے بڑھ کر 173 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ رشین نیوز پرنٹ ریلز سائز 85.24 انچ، 42 گرام، 290 روپے سے بڑھ کر 300 روپے، سائز 75.26 انچ، 42 گرام، 290 روپے سے بڑھ کر 300 روپے، سائز 23 انچ، 42 گرام، 290 روپے سے بڑھ کر 300 روپے، سائز 30 انچ، 42 گرام، 290 روپے سے بڑھ کر 300 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ ہائی برائٹ تمام سائز تمام سائز 52 اور 55 گرام، 310 روپے سے بڑھ کر 350 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی پی سی براؤن 70 گرام، 980 روپے سے بڑھ کر 1000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 990 روپے سے بڑھ کر 1010 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 1100 روپے سے بڑھ کر 1120 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 1000 روپے سے بڑھ کر 1020 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4B-13 ۔ 70 گرام، 1080 روپے سے بڑھ کر 1130 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A۔13 .5۔ 70 گرام، 1200 روپے سے بڑھ کر 1230 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی 70 گرام، A3 سائز 1950 روپے سے بڑھ کر 2000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 960 روپے سے بڑھ کر 970 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام، 1080 روپے سے بڑھ کر 1100 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 1150 روپے سے بڑھ کر 1160 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، 980 روپے سے بڑھ کر 990 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر ویریٹیک انڈونیشیا 20x30 سائز الٹرا 3750 روپے سے بڑھ کر 3800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 2870 روپے سے بڑھ کر 2900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر ایکنا برانڈ، 20x30 سائز، 3200 روپے سے بڑھ کر 3300 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک GSF انڈونیشیا، 20x30 سائز، 2900 روپے سے بڑھ کر 2925 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2800 روپے سے بڑھ کر 2900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز، 2850 روپے سے بڑھ کر 2900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2900 روپے سے بڑھ کر 2925 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# کلکٹر کسٹمز انفورسمنٹ اور ڈائریکٹر کسٹمز انٹیلی جنس کا تبادلہ

کراچی (نیوز ڈیسک) ایرانی ڈیزل اسکینڈل، ملتان کے کلکٹر کسٹمز انفورسمنٹ اور ڈائریکٹر کسٹمز انٹیلی جنس کا تبادلہ کر دیا گیا، تفصیلات کے مطابق ایف بی آر نے کلکٹر کسٹمز ملتان عمران احمد چوہدری کا تبادلہ کر کے ان کی جگہ ڈائریکٹر ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اینڈ انوسٹی گیشن محمد طاہر کو کلکٹر کسٹمز انفورسمنٹ تعینات کر دیا ہے، نوٹی فیکشن کے مطابق ڈائریکٹر ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اینڈ انوسٹی گیشن ملتان کا تبادلہ کر کے انھیں چیف ایف بی آر اسلام آباد تعینات کیا گیا ہے اور ایڈیشنل کلکٹر انفورسمنٹ ڈیرہ اسماعیل خان یاسین مرتضیٰ کا تبادلہ کر کے انھیں ایڈیشنل ڈائریکٹر کسٹمز انٹیلی جنس ملتان تعینات کر دیا گیا ہے اور انھیں ڈائریکٹر کا اضافی چارج دے دیا گیا ہے،، واضح رہے کہ ایرانی ڈیزل اسمگل کر کے بڑے پیمانے پر ملتان میں ڈمپ کیا جاتا تھا اور یہاں سے دوسرے شہروں کو سپلائی کی جاتی تھی، آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کی شکایت پر کارروائی کے دوران چند روز قبل ایک بڑے اسمگلر کے گودام سے لاکھوں لیٹر ڈیزل برآمد ہوا تھا جس کے بارے میں ممبر ایف بی آر کو بتایا گیا ہے کہ اس کے کسٹمز اہلکاروں سے قریبی تعلقات ہیں، ذرائع کے مطابق ابتدائی انکوائری پر سینئر افسران کے تبادلے کے ساتھ جونیئر افسران کے خلاف بھی کارروائی کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

## ایف بی آر: گریڈ 17 اور 18 کے افسران کے تبادلے

کراچی (نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے پاکستان کے BS-18 اور BS-17 کے افسران کے تبادلوں اور تقرریوں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ جس کے مطابق عمران افضل (BS-18) کا تبادلہ ڈپٹی کلکٹر ایڈجیوڈیکیشن-II، کراچی سے ڈپٹی کلکٹر اپریزمنٹ کر دیا گیا ہے، وہ ڈپٹی ڈائریکٹر ڈی این ایف بی پیز کوئٹہ کا چارج بھی دیکھیں گے۔ شفیق احمد مغل (BS-18) کو ڈپٹی کلکٹر ایکسپورٹ (پورٹ قاسم) کراچی سے ڈپٹی کلکٹر ایڈجیوڈیکیشن-II، کراچی بنا دیا گیا ہے۔ ملک محمد احمد (BS-18) ڈپٹی کلکٹر انفورسمنٹ کوئٹہ سے ڈپٹی کلکٹر اپریزمنٹ کوئٹہ تعینات۔ امین حیدر شاہ (BS-17) کو اسسٹنٹ کلکٹر علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ، لاہور سے اسسٹنٹ کلکٹر اپریزمنٹ ویسٹ، کراچی میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔

# غلط اسیسمنٹ کرنے والے افسروں کیخلاف کارروائی ہونی چاہیے، ٹیکس ایڈوائزرز

لاہور (بزنس ڈیسک) حقائق کے برعکس اور غیر قانونی کروڑوں، اربوں کی غلط اسیسمنٹ کرنے والے افسروں سے پوچھ گچھ ہونی چاہیے، غلط اسیسمنٹ کے لاکھوں کیسز عدالتوں میں زیر التواء ہیں اور یہی وجہ ہے کہ ڈھائی کروڑ افراد ٹیکس نیٹ میں شامل ہونے سے گھبراتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن کے صدر میاں عبدالغفار، انور عباس انور، نعیم ایوب، عابد حفیظ عابد، شیخ ثاقب ودیگر نے گوجرانوالہ ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے نومنتخب عہدیداروں کی حلف برداری تقریب اور پری بجٹ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مہمان خصوصی چیئرمین اپیلٹ ٹربونل ان لینڈ ریونیو شاہد مسعود منظر، جوڈیشل ممبران وسیم چودھری، منعم سلطان، توقیر اسلم، سرفراز علی خان، زاہد سکندر و دیگر بھی موجود تھے۔ ٹیکس ماہرین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ بجٹ 2022-23 میں اشرافیہ کیلئے دی گی سبسڈیز ختم کی جائے، سیلز ٹیکس کے ریٹس سنگل ڈیجٹ اور ودہولڈنگ ٹیکسز کے ریٹس کم کیے جائیں۔ آئی ایم ایف سے قرض وصولی کیلئے ان کی تمام شرائط کو من وعن قبول کرنے کی بجائے انہیں زمینی حقائق سے آگاہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوام ماچس کی ڈبی کی خریداری پر بھی ٹیکسز کی ادائیگی کرتے ہیں لیکن اس کے باوجود یہ کہا جاتا ہے کہ ٹیکس اکٹھا نہیں ہوتا۔

## ریونیو بڑھانے کیلئے فکسڈ ٹیکس متعارف کرانے کی تجویز

کراچی (بزنس ڈیسک) تجارتی حلقوں اور ماہرین معیشت نے ریونیو بڑھانے کیلئے فکسڈ ٹیکس اور آسان ٹیکسیشن نظام متعارف کرانے کی تجویز پیش کی ہے اور حکومت پر زور دیا ہے کہ وہ ایف بی آر کے جاری کردہ نوٹسز کے ذریعے ہراسانی اور جبری دستاویزاتی شرائط ختم کرائے جس کا پہلا مرحلہ ٹیکس کا ایک آسان نظام ہی ہوسکتا ہے۔ پی پی آئی کے مطابق تجارتی حلقوں اور ماہرین معیشت کا کہنا ہے کہ فکسڈ ٹیکس اور آسان ٹیکسیشن نظام سے اہداف سے کہیں زیادہ ٹیکس جمع ہوگا۔

# کاروباری مواقع
# TENDERS

## پی آئی اے کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: DGMPC/A-4PaperIMP-22-23

پیپر اے فور سائز امپورٹڈ، 80 گرام

تعداد: 10 ہزار ریم۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 22 جون 2022ء

برائے رابطہ: کمرشل پرچیز سیکشن، پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائن، پہلی منزل، سپلائر چین منیجمنٹ ڈپارٹمنٹ، ایئرپورٹ، کراچی۔

فون: 021-99043304

## علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 107/2021-22

وائٹ پرنٹنگ پیپر، سائز 23x36، 68 گرام لوکل۔

ٹینڈر حوالہ نمبر: 114/2021-22

مختلف اقسام کے لفافے

ٹینڈر حوالہ نمبر: 116/2021-22

مختلف سائز کے فائل کورز

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 22 جون 2022ء

برائے رابطہ: ڈائریکٹوریٹ آف پرچیز اینڈ اسٹورز، اسٹوریج بلڈنگ، بلاک نمبر 3، H-8 اسلام آباد۔

فون: 051-9250031&35

## NADRA کو پیپر درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 97/2022

پیپر اے فور سائز، امپورٹڈ، 100 گرام

تعدا: 2000 ریم۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 20 جون 2022ء

برائے رابطہ: ہیڈ آف ڈپارٹمنٹ (پروکیومنٹ اینڈ اسٹورز) نیشنل ڈیٹابیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی، گراؤنڈ فلور، ریجنل ہیڈکوارٹر بلڈنگ، ماؤ ایریا، G10/4 اسلام آباد۔

فون: 051-9108145

## نیشنل انویسٹمنٹ ٹرسٹ کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: Admin/STA/22/56

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 17 جون 2022ء

برائے رابطہ: اسسٹنٹ چیف منیجر، نیشنل بینک بلڈنگ، سکستھ فلور، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی۔

فون: 021-32412056-59

## DG-ISPR کو پرنٹنگ خدمات درکار

ماہانہ پریس ریویو اور ماہانہ میگزین کی پرنٹنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 16 جون 2022ء

برائے رابطہ: ڈائریکٹر جنرل (آئی ایس پی آر ڈائریکٹوریٹ)، راولپنڈی۔ فون: 051-9272866-9274345

## یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی کو پرنٹنگ کی خدمات درکار

آنسر شیٹ اور لفافوں کی پرنٹنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 13 جون 2022ء

برائے رابطہ: پروجیکٹ ڈائریکٹر آفس، لاہور۔

فون: 042-99332570

## نارکوٹکس کنٹرول منسٹری کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 5 جولائی 2022ء

برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر (لاجسٹکس)، ریجنل ڈائریکٹوریٹ، وی آئی پی فلائٹ کمپلیکس روڈ، نزد ایوب اسٹیڈیم، لاہور کینٹ۔

فون: 042-99221086-99221095



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# آل تاجران سندھ اتحاد کا حکومت کو 72 گھنٹے کا الٹی میٹم

